# AKASHVANI NEWS SRINAGAR
## Text of Urdu news Bulletin
## Date: 07-August-2026
## Time :07:40 PM

---

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔سہ خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل اندرابی

## ہیڈ لائنز

✓ [۱] ۔۔۔۔ چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کی ترقی سے متعلق ترمیمی بل کو پارلیمنٹ کی منظوری

✓ [۲] ۔۔۔۔ کئی اہم شخصیات کی لیفٹیننٹ گورنر کے ساتھ ملاقات // مختلف معاملات پر ہوا تبادلہ خیال

✓ [۳] ۔۔۔۔ وزیر اعلیٰ نے آئی آئی ٹی جموں کے **AI** سینٹر فار **Excelence** اور **Phoenix** ای۔کامرس پلیٹ فارم کی
کیا عوام کے نام وقف

اور

✓ [۴] ۔۔۔۔ آج منایا جارہا ہے دستکاری کا قومی دن۔

---

**اب پیش ہے خبروں کی تفصیل:**

بل پاس

پارلیمنٹ نے چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کی ترقی سے متعلق ترمیمی بل 2026 کو منظوری دی ہے۔ یہ بل لوک سبھا میں آج
پاس کیا گیا۔راجیہ سبھا نے اس کو سوموار کے روز منظوری دی تھی۔ پہلے التوا کے بعد لوک سبھا کی کارروائی جب دو پہر بارہ بجے دوبارہ شروع
ہوئی تو مرکزی وزیر جتن رام مانجی نے ایوان میں یہ بل پیش کیا۔بل کا مقصد رقومات کی ادائیگی میں تاخیر کے معاملے اور تنازعات کے حل
سادہ بنانا ہے۔

آواس یوجنا

مرکزی سرکار نے کہا ہے کہ پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے تحت جموں وکشمیر میں 43 ہزار 907 مکانات کی تعمیر مکمل کرکے
انہیں مستحقین کو سونپا گیا ہے جبکہ اسی اسکیم کے دوسرے مرحلے کے تحت **42** ہزار **584** مکانات کی تعمیر کو منظوری دی گئی ہے۔اس
بات کی جانکاری مکانات وشہری ترقی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے لوک سبھا میں ایک سوال کے جواب میں دی۔

راجیہ سبھا

راجیہ سبھا کی کارروائی آج بھی اپوزیشن ممبران کے شوروغل کی وجہ سے متاثر رہی۔ پہلے التوا کے بعد ایوان کی کارروائی دوپہر 12 بجے جب دوبارہ شروع ہوئی تو چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے وقفہ سوالات شروع کرنے کا اعلان کیا۔ تاہم حزب اختلاف نے کئی معاملات پر اپنا احتجاج جاری رکھا، جس کے بعد چیئرمین نے ایوان کی کارروائی پورے دن کیلئے ملتوی کردی۔

ست شرما

بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے ایوان میں جموں کشمیر میں صنعتی ترقی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کا معاملہ اٹھایا۔ صنعت وحرفت کے وزیر پیوش گوئل نے ان کے سوال کے جواب میں ایوان کو بتایا کہ مرکزی سرکار نے جموں کشمیر سمیت ملک بھر میں صنعت کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کیلئے سلسلہ وار منصوبوں کو عملانے کا عمل شروع کیا ہے۔
اس دوران ست شرما نے پارٹی کے قومی جنرل سیکریٹری ترن چگھ کی موجودگی میں آج وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے ساتھ ملاقات کی۔ انہوں نے جموں صوبے میں بین الاقوامی سرحد کے قریب رہنے والے لوگوں کے دیرینہ مطالبات وزیر کی نوٹس میں لائے۔

کھٹانہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے راجیہ سبھا میں جموں وکشمیر کے لئے سمگرہ شکھشا اسکیم کے تحت رقومات کے صرف کا معاملہ اٹھایا تھا، جس کا جواب ایوان میں 5 ر اگست کو دیا گیا۔ وزارت تعلیم نے اس سوال کے جواب میں ایوان کو جانکاری دی کہ اس اسکیم سے متعلق سالانہ ورک پلان اور بجٹ یوٹی انتظامیہ مختلف اضلاع کی ضروریات کے مطابق ترتیب دیتی ہے۔

ایل جی ملاقات

میونسپل کونسل بارہمولہ کے سابق صدر عمر ککرو نے آج سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ انہوں نے بارہمولہ ضلع کے ترقیاتی معاملات اور خانپورہ سے کنگن پورہ تک شاہراہ کی صورتحال کے علاوہ دیگر کئی معاملات پر ایل جی کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران چیمبر اینڈ کامرس اینڈ انڈسٹریز کشمیر کے ایک وفد نے چیمبر کے کنوینئر عمر جان وانی کی سربراہی میں ایل جی کے ساتھ ملاقات کی اور جموں وکشمیر میں تجارت وصنعت سے متعلق کئی معاملات پر اُن کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

ایل جی تعزیت

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے غازی پور اُتر پردیش کے سوامی سہجانند سرسوتی پوسٹ گریجویٹ کالج کے سابق پرنسپل اور نامور ماہر تعلیم ششی کانت رائے کے فوت ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایل جی نے آنجہانی کے غم زدہ کنبے کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی ہے۔

زیر اعلیٰ AI

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت نے نہ صرف عام لوگوں کی زندگی بلکہ پورے سماج میں انقلابی نوعیت کی تبدیلیاں پید
ی ہیں۔آج جموں میں آئی آئی ٹی جموں کے فیکلٹی ممبران کے ساتھ تبادلہ خیال کے دوران ادارے کے **AI** سینٹر فار
**Excelence** اور **Phoenix** ای۔کامرس پلیٹ فارم کو عوام کے نام وقف کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات جموں وکشمیر
بں ٹیکنالوجی پر مبنی اور کاروباری سرگرمیوں سے تقویت پانے والے مستقبل کی جانب انقلابی پیش رفت ہیں۔
ان اقدامات کا مقصد نوجوانوں کو بااختیار بنانا، چھوٹے اور درمیانہ درجے کے کاروباری اداروں کو فروغ دینا اور مصنوعی ذہانت کو انتظامی
عمل، زراعت، صحت اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں عوامی فلاح کیلئے مؤثر انداز میں بروئے کار لانا ہے۔

عمر عبداللہ افتتاح

اس سے قبل وزیر اعلیٰ نے جموں میں تجدید شدہ **Residency** روڑ ہائی سٹریٹ کا افتتاح کیا۔اس پروجیکٹ کو سمارٹ سٹی مشن
کے تحت **9** کروڑ **18** لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے اور اس کو شہری بنیادی ڈھانچے کے فروغ میں اہم مانا جارہا ہے۔

عمر واٹر سپلائی

عمر عبداللہ نے ادھمپور میں واٹر سپلائی سکیم کو مزید مستحکم بنانے کے پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔اس پرورجیکٹ کو امرت کے
وسرے مرحلے کے تحت ایک ارب 24 کروڑ 39 لاکھ روپے کی لاگت سے عملایا جارہا ہے۔انہوں نے ریاسی میں سوچھ بھارت مشن
کے تحت قائم کئے جانے والے سیویج ٹریٹمنٹ پلانٹ کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔اس پروجیکٹ پر 16 کروڑ 33 لاکھ روپے خرچ کئے
جارہے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کی ہدایت دی ہے تاکہ
تجارت میں آسانی پیدا کرنے کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے سرینگر میں آج ایک میٹنگ کے دوران جے اینڈ کے MSME ہیلتھ
کلنک کے کام کاج کا جائزہ لیا۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے۔
امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہئے۔امیدوار کیلئے انگریزی وار دو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی
صلاحیت ہونا لازمی ہے۔امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے۔
اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی
سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کرسکتے ہیں۔خواہشمند امیدوار مزید تفصیلات اور مطبوعہ درخواست فارم ویب سائٹ

www.newsonair.gov.in/vacancies سے حاصل کرسکتے ہیں۔ درخواست کے ساتھ لازمی دستاویزات کے علاوہ
جنرل کٹیگری کے امیدواروں کوڈرائینگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسر آکاشوانی سرینگر کے نام 354 روپے کا (نان ریفنڈیبل ) بینک
ڈرافٹ بطور پراسیسنگ فیس رکھنا لازمی ہے جبکہ ایس سی، ایس ٹی اوراو بی سی زمروں سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کو پروسیسنگ
فیس سے مستثنیٰ رکھا گیاہے۔ امیدواروں کوتحریری امتحان اور وائس ٹیسٹ سے گزرنا ہوگا۔منتخب ہونے والے کیجول نیوزریڈرس کم
ٹرانسلیٹرس کو ضرورت کی بنیاد پر بکنگ دی جائے گی۔ مزید تفصیلات کیلئے ہمارے فون نمبرات 0194-2452019
یا 7006958620 سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی
کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ
www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب
سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظورشدہ نہیں ہے۔ GONG

ہینڈلوم

آج ملک بھر میں قومی ہینڈلوم ڈے منایا جارہا ہے۔اس دن کی مناسبت سے آج راشٹرپتی بھون کے کلچرل سینٹر میں وزارت ٹیکسٹائل
کے اہتمام سے ایک تقریب منعقد ہوئی۔
صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کی صدارت میں منعقد ہوئی۔اس تقریب میں **3** سنت کبیر ہینڈلوم ایوارڈ اور سال **2025** کے **19** قومی
ہینڈلوم ایوارڈس بھی عطا کئے گئے۔ایوارڈ پانے والوں میں کشمیر کی کانی شال صنعت سے وابستہ دو دستکار بھی شامل ہیں۔اس موقعہ پر صدر
جمہوریہ نے کہا کہ صدیوں پرانی دستکاریاں بھارت کی ثقافت اور تہذیبی سفر کا ایک لازمی حصہ ہیں۔
---(صدر) **V/o**--------
دریں اثناء وزیراعظم نریندرمودی نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ جوش وخروش کے ساتھ قومی ہینڈلوم ڈے منائیں اور بھارتی ہینڈلوم
مصنوعات کی خریداری کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کریں۔

ایل جی ہینڈلوم

قومی ہینڈلوم ڈے کے موقعے پر لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ آج کے دن بُنکروں اور کاریگروں کی گوناگوں دستکاری صلاحیتوں کا
جشن منایا جاتا ہے۔انہوں نے کاریگروں کو بااختیار بنانے کے انتظامیہ کے عزم کو دہرایا۔
نمائش
نیشنل ہینڈلوم ڈے کے سلسلے میں ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم محکمہ کشمیر کی جانب سے سرینگر میں اعلیٰ معیار کے ٹیکسٹائل مصنوعات

کی نمائش کا اہتمام ہوا، جس کا افتتاح محکمہ کے ڈائریکٹر مسرت اسلام نے کیا۔ ہینڈلوم کے قومی دن کے سلسلے میں وادی بھر میں تقریبات اور پروگرام منعقد کئے جانے کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔

راڈار

جموں وکشمیر میں موسم کی پیشگوئی سے متعلق نظام کو مزید مستحکم بنایا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں بھارتی موسمیات محکمے نے یوٹی میں 4 اضافی ڈاپلر Weather راڈار نصب کرنے کا منصوبہ ترتیب دیا ہے۔ اس بارے میں سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

----Byte-----

ہرگھر ترنگا

یوتھ افیئرس محکمے نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ National Flag of India Quiz 2026 میں بڑھ چڑھ کر شرکت کریں۔ واضح رہے کہ یہ Quiz 15 اگست 2026 تک کھلا رہے گا۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آج ضلع افسران کی ایک میٹنگ میں ہر گھر ترنگا مہم کیلئے کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مہم کو کامیاب بنانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ حب الوطنی کے جذبے کو پروان چڑھایا جاسکے۔

عرس

بلند پایہ ولی سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمۃ اللہ علیہ کا سالانہ عرس کل اُن کے آستان عالیہ واقع کوہِ ماران پر عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ عرس کے سلسلے میں آج آستان عالیہ پر نماز عشاء کے بعد شب بیداری کی روح پرور مجلس منعقد ہوگی، جس دوران وادی کے مختلف علاقوں سے آئے عقیدتمند ختمات المعظمات، درودواذکار اور توبہ واستغفار کی مجلس میں شرکت کریں گے۔ آستان عالیہ پر آج نماز عشاء رات ساڑھے دس بجے ادا کی جائے گی۔ انتظامیہ نے زائرین کی سہولت کیلئے معقول انتظامات کئے ہیں۔

عرس مبارک

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے علاوہ میرواعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے سلطان العارفین کے عرس پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

گوروپورب

وزیر داخلہ امت شاہ نے سکھ مذہب کے 8ویں گورو، شری گورو ہر کرشن صاحب کے پرکاش پرب پر لوگوں خاص کر سکھ

مذہب سے وابستہ افراد کو مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر داخلہ نے لکھا ہے کہ گورو جی نے پوری زندگی انسانیت کی بے لوث
خدمت میں صرف کی۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے احسن طریقے پر جاری ہے۔بھگوتی نگر جموں سے آج **926** یاتریوں پر مشتمل **29** واں قافلہ وادی پہنچا۔اس دوران آج مزید **5** ہزار **95** یاتریوں نے گپھا پر حاضری دی۔

ٹیگور خراج

وزیر داخلہ امت شاہ اور لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوبل انعام یافتہ گورودیو رابندر ناتھ ٹائیگور کو اُن کی **85** ویں برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں امت شاہ نے کہا کہ قومی ترانہ ''جنہ گنہ منہ'' گورودیو کی تخلیق ہے جو ملک کی یکجہتی اور وقار کی عظیم نشانی ہے۔ایل جی نے انہیں ترقی یافتہ دانشور اور تعلیم دان قرار دیا۔

ریل لنک

کشمیر کو ملک کے دیگر حصوں سے ریل کے ذریعے جوڑنے کیلئے 272 کلومیٹر لمبا ادھمپور۔سرینگر۔بارہمولہ ریل لنک منصوبے کو اب مکمل طور چالو کیا گیا ہے۔یہ ریل لنک جموں کشمیر کے بارہمولہ، بڈگام، پلوامہ، اننت ناگ، سرینگر، رام بن، ریاسی اور ادھمپور اضلاع سے گزرتی ہے۔اس پروجیکٹ کو ریلوے میں ایک شاہکار مانا جارہا ہے اور اس کی بدولت جہاں عام لوگوں کو سفری سہولیات دستیاب رہتی ہیں، وہیں میوہ صنعت اور دیگر صنعتوں سے وابستہ افراد کو بھی بڑی راحت ملی ہے۔

فاروق عبداللہ

~~نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی جماعت جموں کشمیر اور لداخ کے لوگوں کے حقوق~~ کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔سرینگر میں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر ایک تقریب کے دوران انہوں نے کہا کہ مرکزی سرکار کو جموں کشمیر کے لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدے پورا کرنے چاہئے۔

جی ایم شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے کہا ہے کہ جے ڈی یو جموں وکشمیر میں تیزی کے ساتھ ایک طاقتور عوامی پارٹی کے طور ابھر رہی ہے۔وہ آج سرینگر میں ایک پارٹی میٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔پارٹی بیان کے مطابق اس موقعے پر کئی معروف سماجی شخصیات کے علاوہ درجنوں افراد پارٹی میں شامل ہوئے۔

میٹرولاجی

صارفین کے حقوق کو مزید تحفظ فراہم کرنے کی غرض سے جموں کشمیر سرکار نے لیگل میٹرولاجی انفورسمنٹ رولز 2026 جاری کر دیا ہے۔ اس کا مقصد کاروبار کے فروغ میں آسانی پیدا کرنا اور صارفین کے حقوق کو مزید تحفظ فراہم کرنا ہے اور یہ لیگل میٹرولاجی انفورسمنٹ محکمہ میں اصلاحات کی جانب حکومت کا ایک اہم قدم ہے۔

میزائیل ٹیسٹ

بھارت نے کامیابی کے ساتھ چندی پور اڈیشہ سے درمیانہ رینج کے بیلسٹک میزائل **Agni-4** کو لانچ کیا ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے سٹریٹجک فورسز کمان اور **DRDO** کو اس کامیابی کیلئے مبارکباد دی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **28** عشاریہ **5** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19.4** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **7. 33** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24.8** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **47** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **26** منٹ پر ہوگا۔

Clsong

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
ایک وقفے کے بعد آپ سنیں گے تبصرہ۔
ہمیں دیجئے اجازت۔ خدا حافظ۔